بسم اللہ الرحمن الرحیم

# عورت کا بالیاں پہنے ہوئے احرام باندھ کر عمرہ کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر احرام کی نیت سے پہلے کسی عورت نے کانوں میں بالیاں پہنی ہوئی ہوں اور اتارے بغیر ہی احرام کی نیت کر کے عمرہ ادا کرلے، تو کیا حکم ہے؟

## جواب

احرام کی حالت میں عورت کا زیور پہنے ہوئے ہونے میں کوئی حرج نہیں، لہذا بالیاں پہنے ہوئے احرام باندھ کر عمرہ ادا کرنا بلاشبہ جائز ہے، اس صورت میں عمرہ بھی ادا ہوگیا اور عورت پر کوئی گناہ بھی نہیں۔

جوہرہ نیرہ میں ہے: "ویجوز للمحرمۃ أن تلبس الحریر والحلی کذا فی الکرخی" ترجمہ: احرام والی عورت کو ریشم اور زیور پہننا جائز ہے جیسا کہ کرخی میں ہے۔ (الجوھرۃ النیرۃ، کتاب الحج، ج 1، ص 152، المطبعۃ الخیریۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2570

تاریخ اجرا: 02 جمادی الاولیٰ 1447ھ/25 اکتوبر 2025ء